فوری ریلیز کے لیے: 18/10/2022 ***KATHY HOCHUL گورنر***

## *گورنر HOCHUL نے SUNY اور CUNY کیمپسز میں بچوں کی دیکھ بھال میں 15.6$ ملین کی توسیع کا اعلان کیا*

### *یہ فنڈنگ اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک سسٹم میں بچوں کی دیکھ بھال کی عدم دستیابی سے نمٹے گی، سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک کیمپسز میں خدمات کو وسعت دے گی*

### *وسیع تر ریاستی اقدام کا یہ دوسرا مرحلہ SUNY اور CUNY کے طلباء اور فیکلٹی کے لیے بچوں کی دیکھ بھال کے اعلیٰ معیار کے مراکز تک رسائی کو یقینی بنائے گا*

گورنر Kathy Hochul نے آج اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک اور سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک میں بچوں کی دیکھ بھال تک رسائی کو وسعت دینے کے لیے 15.6$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کا اعلان کیا۔ اس فنڈنگ میں SUNY کیمپسز میں بچوں کی دیکھ بھال کی عدم دستیابی سے نمٹنے کے لیے 10.8$ ملین اور CUNY کیمپسز میں بچوں کی دیکھ بھال کی اضافی خدمات فراہم کرنے کے لیے 4.8$ ملین شامل ہیں۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے کی ایک وسیع تر کاوش کا حصہ ہے کہ SUNY اور CUNY کے تمام کیمپسز کے طلباء، اساتذہ اور عملے کو بچوں کی دیکھ بھال کے اعلیٰ معیار کے مراکز تک رسائی حاصل ہو۔

"بچوں کی دیکھ بھال کے اعلیٰ معیار کے، کم خرچ اختیارات کو بڑھانا نیو یارک کے شہریوں کے لیے ایک زیادہ مساوی اور قابل رسائی اعلیٰ تعلیمی نظام کی تشکیل کا ایک لازمی حصہ ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میری انتظامیہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ تمام والدین کو بچوں کی معیاری دیکھ بھال تک رسائی حاصل ہو اور یہ فنڈنگ اس بات کو یقینی بنانے کی جانب ایک انتہائی اہم قدم ہے کہ والدین کو معیاری تعلیم حاصل کرنے اور اپنے اور اپنے خاندانوں کے بہتر مستقبل کی تعمیر کے لیے درکار تعاون حاصل ہو۔"

اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے کچھ کیمپسز میں، تقریباً 80 فیصد طلباء جن کے زیر کفالت دیگر افراد ہیں نے اطلاع دی کہ انہیں اپنے بچوں کی دیکھ بھال کی ضروریات کو پورا کرنے میں دشواری کا سامنا ہے۔ اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک سب سے زیادہ طلب والے کیمپسز کے لیے 7.6$ ملین کے ذریعے بچوں کی موقع پر موجود دیکھ بھال کی خدمات کو وسعت دے رہی ہے، جس میں شامل ہیں: الفریڈ اسٹیٹ، SUNY کینٹن، SUNY کالج آف انوائرمینٹل سائنس اینڈ فارسٹری، جیمز ٹاؤن کمیونٹی کالج، SUNY اولڈ ویسٹ بری اور SUNY سولیوان۔

توقع ہے کہ اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک سسٹم بھی اس سال البانی شہر کے مرکز میں بچوں کی دیکھ بھال کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے سسٹم ایڈمنسٹریشن کے مقام پر بچوں کی دیکھ بھال کا ایک مرکز فراہم کرنے کے منصوبوں کا ایک دعوت نامہ جاری کرے گی۔

**اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کی عبوری چانسلر Deborah F. Stanley نے کہا،** "ہم طالب علموں کی کامیابی کے لیے ایک جامع نقطہ نظر رکھتے ہیں اور ہم نے ریاست نیو یارک میں گورنر Hochul اور اپنے قانون سازوں کی بدولت بہت پیشرفت کی ہے اور بچوں کی دیکھ بھال کی توسیع بہت سے طلباء اور فیکلٹی کے لیے یکساں طور پر اہم ہے۔ اس اقدام کا دوسرا مرحلہ ہمارے لیے بقایا 'بچوں کی دیکھ بھال کی عدم دستیابی' کو حل کرے گا اور کالج کے ان

خاندانوں کو انتہائی ضروری راحت فراہم کرے گا جنہوں نے ہمیں بتایا ہے کہ انہیں دیکھ بھال تلاش کرنے میں دشواری کا سامنا ہے۔ ریاست نیو یارک SUNY اور ہمارے طلباء میں ایک بڑی سرمایہ کاری کر رہی ہے اور ہمیں امید ہے کہ مزید والدین ہمارے کیمپسز میں آئیں گے اور اپنی کالج کی ڈگری حاصل کرنے پر توجہ مرکوز کریں گے۔"

سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک کو ان کیمپسز میں بچوں کی دیکھ بھال کی خدمات کو پہنچانے کے لیے 4.8$ ملین وصول ہونے جا رہے ہیں جن میں یہ مراکز نہیں ہیں، بشمول کوئنزبورو کمیونٹی کالج میں ایک نئے مرکز کے لیے 1.2$ ملین، جو کہ ان 3.1$ ملین کے علاوہ ہیں جو ریاست CUNY کے موجودہ مراکز کے انتظامات چلانے کے لیے اپنے حصے کے طور پر ادا کرتی ہے۔ نئے مقام کے علاوہ یہ توسیع پورے نظام میں 100 نشستوں کا اضافہ کرے گی جس کا اولین مقصد چھوٹے بچوں بشمول شیرخوار اور ننھے بچوں کو خدمات فراہم کرنا ہو گا۔ یہ اضافے CUNY کے بچوں کی دیکھ بھال کے مراکز کی طرف سے پہلے ہی فراہم کردہ تعاون کو تقویت بخشیں گے، جو والدین کو کم لاگت کی فیس پیش کرتے ہیں اور زیر تعلیم والدین میں سے کسی کو بھی خدمات دینے سے انکار نہیں کرتے ہیں۔

**سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez نے کہا،** "ہمارے کالجوں میں بچوں کی دیکھ بھال کی خدمات پہنچانے کا مطلب ایک رکاوٹ کو ہٹانا ہے جو بصورت دیگر نیو یارک کے شہریوں کو کالج کی ڈگری حاصل کرنے یا ہمارے طلباء کو تعلیم دینے سے روکے گی۔ CUNY انڈر گریجویٹ طلباء کے ان 10 فیصد سے زیادہ کو، جو والدین ہیں، اپنے تعلیمی اور کیریئر کے اہداف پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے درکار وسائل فراہم کرنے کا صرف ایک طریقہ ہے کہ ہم ان کا ساتھ دیں۔ ہم گورنر Hochul کے مشکور ہیں کہ انہوں نے بچوں کی دیکھ بھال کی خدمات تک رسائی کو نافذ شدہ بجٹ کی ترجیحات میں شامل کیا اور ہمارے طلباء، فیکلٹی اور عملے میں اپنی مسلسل سرمایہ کاری جاری رکھی۔"

بچوں کی دیکھ بھال کی عدم دستیابی کو حل کرنے کے علاوہ، اس سال کے اوائل میں اعلان کردہ گورنر کے اقدام میں اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے لیے وفاقی اور ریاستی فنڈنگ میں 4.5$ ملین تقسیم کیا جانا بھی شامل ہے تاکہ اس کے موجودہ مراکز کی مدد کے ساتھ ساتھ بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور افراد کی اگلی کھیپ کو تربیت دینے کا پروگرام بھی شامل کیا جا سکے۔

**رکن اسمبلی Deborah J. Glick نے کہا،** "بچوں کی دیکھ بھال تک رسائی کی کمی کو کبھی بھی ممکنہ طلباء کے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے میں رکاوٹ نہیں بننا چاہیے۔ کالج کی ڈگری مالی خوشحالی کا سب سے یقینی طریقہ ہے اور ہمیں اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ نیو یارک کے تمام باشندے، خاص طور پر واحد والدین اور کم آمدنی والے خاندان، اپنی تعلیم اور کیریئر کو آگے بڑھانے کے قابل ہوں۔ میں بچوں کی دیکھ بھال تک رسائی کو ترجیح دینے کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور آنے والے سال میں اس کامیابی کو آگے بڑھانے کی منتظر ہوں۔"

تعلیمی سال 2021-2022 کے دوران، اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک نے SUNY کے ان 46 کیمپسز میں جہاں موقع پر بچوں کی دیکھ بھال کے مراکز موجود ہیں، 4,500 بچوں کی دیکھ بھال کی نشستوں کے ذریعے 650 طالب علم والدین کی خدمت کی ۔ اضافی مراکز سے، بچوں کی دیکھ بھال کی 350 مزید نشستیں دستیاب ہوں گی۔ یہ مراکز فیکلٹی، عملے اور ریاستی ملازمین کے ساتھ ساتھ پڑوسی کمیونٹی کو بھی خدمات فراہم کرتے ہیں - جن میں سے ہر ایک کے استعمال میں بچوں کی دیکھ بھال کی کل نشستوں کا تقریباً ایک تہائی آتا ہے۔

سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک اس وقت اپنے 25 کیمپسز میں سے 17 میں بچوں کی دیکھ بھال کے مراکز چلا رہی ہے۔ تعلیمی سال 2021-2022 کے دوران، ان مراکز میں 1,400 نشستیں دستیاب تھیں۔ یہ سہولیات سب سے پہلے CUNY کے طالب علم والدین کو خدمات فراہم کرتی ہیں، اگرچہ کہ تقریباً ایک تہائی نشستوں میں CUNY کی فیکلٹی کے ارکان اور عملے یا کیمپس کے آس پاس کی کمیونٹیز کے والدین کو خدمات فراہم کی گئیں۔ یہ مراکز ہفتے کے پانچ یا چھ دن کام کرتے ہیں، جس میں حسب ضرورت شام کے اوقات شامل ہیں۔ یہ لچک، اسکول جانے والے بچوں کی خدمت کے ساتھ، CUNY کے طلباء کو اپنے کورسز میں زیادہ آسانی سے شرکت کرنے کے قابل بناتی ہے۔ زیادہ تر مراکز گرمیوں کے دوران بھی کام کرتے ہیں۔

طالب علم-والدین اپنے بچوں کو اپنے کالج کے علاوہ CUNY کے کسی دوسرے کالج کے مرکز میں بھی داخل کروا سکتے ہیں، جس سے اس صورت میں لچک ملتی ہے کہ اگر طالب علم گھر سے دور کسی CUNY کالج جاتے ہوں یا اگر اپنے کالج کے مرکز کی تمام نشستیں پُر ہوں یا طالب علم کو شام اور ویک اینڈ کے اوقات کے دوران بچے کی دیکھ بھال کی ضرورت ہو۔

**اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے متعلق**

اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک، امریکہ میں اعلیٰ تعلیم کا سب سے بڑا جامع نظام ہے؛ اور نیو یارک کے تمام باشندوں میں سے 95 فیصد سے زائد SUNY کے 64 کالجز اور یونیورسٹیز میں سے کسی ایک سے 30 میل سے کم فاصلے پر رہتے ہیں۔ اس پورے نظام میں، SUNY کے پاس چار تعلیمی مراکز صحت، پانچ ہسپتال، چار میڈیکل اسکول، دو ڈینٹل اسکول، ایک لاء اسکول، ریاست کا واحد کالج آف آپٹومیٹری ہے؛ اور یہ امریکی محکمہ توانائی کی ایک نیشنل لیبارٹری کا انتظام چلاتا ہے۔ مجموعی طور پر، SUNY تقریباً 1.3 ملین طلباء کو اپنے پورے پورٹ فولیو کے کریڈٹ اور نان کریڈٹ بیئرنگ کورسز اور منصوبوں، تعلیم جاری رکھنے اور کمیونٹی میں رسائی کے منصوبوں سے خدمات فراہم کرتا ہے۔ SUNY نیو یارک میں ہونے والی تعلیمی تحقیق میں سے تقریباً ایک چوتھائی کی نگرانی کرتی ہے۔ اس پورے نظام کے تحقیق کے اخراجات مالی سال 2021 میں تقریباً 1.1$ بلین ہیں، جن مین طلباء اور تدریسی عملے کی جانب سے قابل ذکر مالیت کے چندے شامل ہیں۔ دنیا بھر میں تین ملین سے زائد SUNY کے سابق طلباء ہیں اور نیو یارک کے کالج کی ڈگری کے حامل ہر تین باشندوں میں سے ایک SUNY سے فارغ التحصیل ہے۔ اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کہ SUNY مواقع کیسے پیدا کرتا ہے، www.suny.edu ملاحظہ کریں۔

**سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک کے بارے میں**

سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک ملک کی سب سے بڑی شہری عوامی یونیورسٹی ہے، یہ سماجی نقل و حرکت کی تبدیلی کا ایک منبع ہے جو نیو یارک شہر کی زندگی کا ایک اہم جزو ہے۔ 1847 ء میں ملک کے اعلی تعلیم کے پہلے مفت سرکاری ادارے کے طور پر قائم کی جانے والی، CUNY آج سات کمیونٹی کالجز، 11 سینئر کالجز اور سات گریجویٹ یا پیشہ ورانہ اداروں میں نیو یارک شہر کے پانچ بورو میں پھیلی ہوئی ہے، 243,000 سے زائد انڈرگریجویٹ اور گریجویٹ طالب علموں کو خدمات فراہم کرتی ہے اور ہر سال 55,000 ڈگریاں جاری کرتی ہے۔ CUNY کا معیار اور کم خرچ ہونے کا امتزاج کم آمدنی والے جتنے طلباء کو متوسط طبقے میں اور اس سے آگے لے جاتا ہے وہ Ivy لیگ کے تمام کالجوں کی اس حوالے سے مجموعی تعداد کا تقریباً چھ گنا ہے۔ یونیورسٹی کے 80 فیصد سے زیادہ گریجویٹس نیو یارک میں رہتے ہیں، جو شہر کی اقتصادی، شہری اور ثقافتی زندگی کے تمام پہلوؤں میں اپنا حصہ ڈالتے ہیں اور شہر کی افرادی قوت کو ہر شعبے میں متنوع بناتے ہیں۔ CUNY کے گریجویٹس اور فیکلٹی نے بہت سے باوقار اعزازات حاصل کیے ہیں، جن میں 13 نوبل انعامات اور 26 میک آرتھر "جینیئس" گرانٹس شامل ہیں۔ یونیورسٹی کا تاریخی مشن آج بھی جاری ہے: ذرائع یا پس منظر سے قطع نظر تمام طلباء کو اول درجے کی عوامی تعلیم فراہم کرنا۔ CUNY کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، https://www.cuny.edu ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418